أَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۔ عَسٰى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

الفضل

روزنامہ

DAILY ALFAZL QADIAN.

ایڈیٹر غلام نبی

قادیان دارالامان

ٹیلیفون نمبر ۹۱

جلد ۲۸ | یکم ماہ فتح ۱۳۱۹ ہش | ۳۰ شوال | یکم دسمبر ۱۹۴۰ء | نمبر ۲۷۳

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے چندہ تحریک جدید سال ہفتم کا مطالبہ

۷۔ جنوری ۱۹۴۱ء تک تمام وعدے مرکز میں پہنچ جانے چاہئیں

قادیان ۲۹۔ نومبر۔ آج حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ میں تحریک جدید کے سال ہفتم کے چندہ کے متعلق اعلان فرمایا۔ یہ اعلان اپنی اہمیت کے لحاظ سے چونکہ اس قابل ہے۔ کہ جلد سے جلد احباب تک پہونچایا جائے۔ اس لئے خطبہ کا خلاصہ درج ذیل کیا جاتا ہے۔ سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

میری طبیعت پیچش کی وجہ سے خراب ہے۔ اس کے ساتھ ہی کچھ حرارت کی بھی شکایت ہے۔ اس وجہ سے میں زیادہ دیر تک بول نہیں سکتا۔ لیکن چونکہ نومبر کا آخر آگیا ہے۔ اور یہ وہی ایام ہیں۔ جبکہ تحریک جدید کے نئے سال کی تحریک کی جاتی ہے۔ اس لئے میں آج دوستوں کو اس امر کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ کہ اب وہ اس نئے سال یعنی ساتویں سال کی تحریک کے متعلق اپنے وعدے لکھانے شروع کر دیں۔

میں سمجھتا ہوں۔ اس کے متعلق اتنی بار اور اتنے رنگ میں اور اتنے تواتر سے تحریک کی جا چکی۔ اور اس کی تفصیلات بیان ہو چکی ہیں۔ کہ درحقیقت اب کسی لمبے خطبے اور واضح بیان کی ضرورت نہیں جو لوگ چھ سال تک اس تحریک میں مسلسل حصہ لیتے رہے ہیں۔ درحقیقت انہیں کسی خاص تحریک کی ضرورت بھی نہیں۔ کیونکہ کوئی احمق ہی ہوگا۔ جو اس وقت کمند توڑ دے جبکہ دو چار ہاتھ لب بام رہ جائے۔ اللہ تعالےٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔ لَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا کہ تم اس عورت کی طرح مت بنو۔ جو سوت کات کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا کرتی تھی۔ اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ تم ایسا نہ کرو۔ کہ ایک نیک کام شروع کرو مگر پیشتر اس کے کہ وہ ختم ہو۔ اسے چھوڑ دو۔ پس ایسے لوگوں کو میرے نزدیک چنداں اس تحریک کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اگر کسی کے دل میں کسی قسم کی قبض ہوگی تو اس کے پچھلے چھ سال اسے خود بخود تحریک کرنے کے لئے کافی ہونگے۔ وہ کہیں گے۔ کہ کیا اگلے چار سالوں کی خاطر تم ہمیں بھی برباد کرنے لگے ہو۔

البتہ ایک گروہ ایسا ہے۔ جو تحریک کا محتاج ہے۔ اس میں وہ بچے شامل ہیں۔ جو اب بلوغت کو پہونچے۔ یا وہ طالب علم ہیں۔ جو پہلے برسرکار نہیں تھے۔ مگر اب برسرکار ہو چکے ہیں۔ یا وہ لوگ ہیں۔ جن کے پاس پہلے مال نہیں تھا۔ مگر اب خدا نے انہیں مال دے دیا ہے یا وہ لوگ ہیں جو پہلے مقروض ہونے کی وجہ سے اس تحریک میں حصہ نہیں لے سکے۔ مگر اب قرض اتار چکے۔ اور اس قابل ہو گئے ہیں۔ کہ اس تحریک میں حصہ لے سکیں۔ یہ اور اسی قسم کے وہ تمام لوگ جو پہلے کسی معذوری کی وجہ سے اس تحریک میں حصہ نہیں لے سکے۔ نئی تحریک کے محتاج ہیں۔ اور میں آج انہی کو مخاطب کر کے کہتا ہوں۔ کہ وہ اب پچھلا سفر طے کر کے ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں۔ اگر اب بھی وہ شامل نہ ہوئے۔ تو ان کے لئے اس میں شمولیت اور بھی کٹھن ہو جائے گی۔ یہ دس منزلوں کا سفر ہے۔ جن میں سے چھ گزر چکی۔ اور صرف چار باقی ہیں۔

پس یہ سفر خاتمہ کے قریب پہنچ گیا۔ اور چوٹی پر پہونچکر اب مجاہدین کا لشکر نیچے اتر رہا ہے۔ ایسا نہ ہو۔ کہ سفر ختم ہو جائے۔ اور تمہارے لئے حسرت باقی رہ جائے۔

اس سلسلہ میں حضور ایدہ اللہ تعالےٰ نے نصیحت فرمائی۔ کہ کوشش کرنی چاہیئے۔ کہ ہر شخص کا وعدہ گزشتہ سال سے کچھ نہ کچھ زیادہ ہو۔

اسی طرح جماعتوں کو حضور نے تحریک فرمائی۔ کہ وہ اپنی فہرستیں بھجواتے وقت کوشش کریں۔ کہ ان کی فہرستیں نہ صرف افراد کے لحاظ سے سابقہ سالوں کے مقابلہ میں زیادہ ہوں۔ بلکہ چندہ کے لحاظ سے بھی ان میں اضافہ ہو۔

حضور نے فرمایا۔ میں اس کے لئے ۷۔ جنوری کی تاریخ مقرر کرتا ہوں۔ تمام وعدوں کی لسٹیں اس تاریخ تک آجانی چاہئیں۔ بلکہ اگر ہو سکے۔ تو جلسہ سالانہ سے پہلے پہلے لسٹیں مکمل کر کے پہونچا دینی چاہئیں۔

اس کے لئے فارم کا انتظار نہیں کرنا چاہیئے۔ بلکہ سادہ کاغذ پر لسٹ بنا لینی چاہیئے۔ جو اس طرح بنائی جائے۔

نمبر شمار۔ نام معہ پورا پتہ۔ سال ششم۔ وعدہ سال ہفتم

اگر رقم یکمشت ادا کرنی ہے۔ تو کس ماہ میں۔ اگر قسط دینی ہے تو کس ماہ سے شروع ہوگی۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

راجہ غلام محمد صاحب معہ والدین بالوٹی پورہ کشمیر ۱۲/۸
۔ غلام محمد صاحب میرکاٹھ پورہ ۔ ۵/-
مریم بیگم صاحبہ اسنور ۷/-
منشی محمد رحمت اللہ صاحب چک ایبرج ۷/-
سردار عباس علی خاں صاحب پونچھ ۵/۸
بابو عبدالکریم صاحب معہ اہلیہ معہ والدین و محمد شفیع برادر
[illegible]
پونچھ ۷۵/-
منشی عبدالحمید صاحب کوٹلیاں ۵/۸
میسرز احمدی برادرز گلگت ۱۵/-
ملک مبارک احمد صاحب جہلم ۱۰/-
خواجہ ثناء اللہ صاحب بانڈی پورہ ۱۰/۵
امیر غلام صاحب کوٹلی میرپور جموں ۱۲/-
ملک غلام نبی صاحب بشیر آباد سٹیٹ ۱۰/۸
عبدالسلام صاحب ۔ ۱۷/-
حکیم حفیظ الرحمن صاحب معہ اہلیہ محمود آباد سٹیٹ ۱۲/-
چوہدری غلام احمد صاحب ۔ ۔ ۱۲/۴
مستری جان محمد ناصر آباد سٹیٹ ۵/-
منشی غلام محمد منور آباد ۔ ۴/-
منشی محمد اسمٰعیل صاحب منور آباد سٹیٹ ۱۲/-
اہلیہ صاحبہ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب ذبیح قادیان ۵/-
خان بہادر نواب محمد الدین صاحب جودھ پور ۲۳۰/-
چوہدری محمد تقی صاحب ۱۲/-
حکیم سردار محمد صاحب ڈوگری ۲۳/-
محکم الدین صاحب حشن باڈو سندھ ۵/-
منشی سید احمد خاں صاحب مبارک آباد ۶/-
منشی محمد جمیل صاحب مبارک آباد ۵/۸
میاں محمد عبداللہ صاحب ڈار کوئٹہ ۲۰/-
ڈاکٹر غفور الحق صاحب ۔ ۵۰/-
بابو منظور احمد صاحب ۔ ۵۶/-
شیخ کریم بخش صاحب ۔ ۱۰۵/-
مستری تاج الدین صاحب شاد آبادی جبل پور ۵/۲
بابو عبدالرحمن صاحب کوئٹہ ۳۰/-
بابو بشیر احمد صاحب ایم۔ اے کوئٹہ ۵۲/-
اہلیہ بابو نعیم الحق خاں صاحب ۶/۸
ملک عزیز محمد صاحب وکیل ڈیرہ غازیخاں ۲۵/-
خدا بخش خانصاحب انسپکٹر پولیس ۷/-
میاں عبدالرحمن صاحب ۶/۴
شیخ محمد صدیق صاحب کیمل پوری راولپنڈی ۴۰/-
چوہدری عبدالغنی صاحب جھنگ گھمیانہ ۸/-
سپاہی غلام محمد صاحب بستی بابو والی ۔ ۵/-
رحمت اللہ صاحب ٹیلر کوئٹہ ۶/-
بابو محمد شفیع صاحب ۵/-
بابو نعیم الحق خاں صاحب ۔ ۳۵/۸
حافظ اللہ بخش صاحب پنشنر معہ برادر و اہلیہ و پسر مرحوم
فیروز پور ۱۹/-

مولوی محمد الیاس صاحب ستونگ ۵/-
ڈاکٹر عبدالحمید خاں صاحب کوئٹہ ۵۸/-
میر ضیاء اللہ صاحب کانپور ۱۶/-
شریف احمد صاحب ۔ ۶/۶
سید مختار احمد صاحب شاہجہانپور ۷/-
حاجی عبداللہ بر صاحب ۔ ۱۵/۸
منشی قمر الدین صاحب ۔ ۵/۸
پیر بخش صاحب کوئٹہ ۴/۸
ماسٹر حبیب احمد صاحب بریلی ۶/۴
مسٹر نسیم احمد صاحب کوہاٹ ۳۵/-
مولوی عبدالغفور صاحب معہ اہلیہ سانبھر ۳۹/۸
صوفی محمد بشیر صاحب لاہور ۵۵/-
ڈپٹی نذیر اللہ خاں معہ اہل و عیال میرٹھ چھاؤنی ۱۴۰/-
رسالدار محمد یعقوب خانصاحب میرٹھ ۸۲/-
چوہدری احمد جان صاحب جبل پور ۳۶/-
مرزا نذیر احمد صاحب ۔ ۶/-
خواجہ غلام نبی صاحب ڈیرہ دون ۸۲/-
ایم بشیر احمد صاحب ۔ ۴۳/-
عبدالرشید خاں صاحب معہ اہلیہ و ہمشیرہ و دختران بنارس ۱۲۵/۸
قریشی عبدالشکور صاحب اجمیر ۳۷/-
کرم الدین صاحب متھرا ۵/-
ایم۔ رفیع اللہ صاحب فیض آباد ۱۶/۳
محمد عزیز اللہ صاحب یاپورہ ۱۰/-
مولوی اختر علی صاحب بھاگل پور ۳۵/-
۔ مولوی عبدالحی صاحب پورینی ۔ ۷/-
لفٹیننٹ عبدالقادر صاحب بھاگل پور ۵/۵
مریم خاتون صاحبہ ۵/-
سید عبدالقیوم صاحب جمشید پور ۷/-
عبدالمجید صاحب ۔ ۶/-
سید ظفیر احمد صاحب معہ اہلیہ ۲۵/-
سید ظہیر الحق صاحب ۔ ۶/۶
شیخ کمال الدین صاحب ۔ ۵/۸
حمید اللہ بر صاحب ۔ ۶/۶
عزیز اللہ صاحب ۔ ۸/-
بابو محمد جمیل خاں صاحب فیروز پور ۲۵/-
بابو امیر الدین صاحب ۔ ۵/۱۲
میر نور الدین صاحب ۔ ۴/۲
حکیم عبدالعزیز صاحب معہ اہلیہ صاحبہ ۱۱/-
شیخ محمد شریف صاحب موگا ۶/-
میاں عزیز محمد صاحب ۔ ۱۲/۲
غلام علی صاحب گکھڑ راولپنڈی ۱۰/۴
میاں محمد عالم صاحب فارمین ۔ ۶/-
شیخ مسعود الرحمن صاحب ۔ ۱۴/۸
ماسٹر محمد شفیع صاحب ٹیلر ماسٹر ۱۲/-
چوہدری ظہیر احمد صاحب ۔ ۲۲/-

سائیں ثناء صاحب جمشید پور ۵/۴
عبدالغنی صاحب ۔ ۵/-
محمد سلیمان صاحب ۔ ۶/-
چوہدری عبداللہ خاں صاحب ۔ ۲۰۰/-
خان بہادر مولوی نور محمد صاحب پوری ۱۳۰/-
بذریعہ تار ۲۹ رمضان المبارک کو ارسال کئے ۔
سید فیاض الدین صاحب سونگڑہ ۸۰/-
سید عبدالسلام صاحب ۱۵/۴
سید غلام محمد صاحب سونگڑہ ۵/۶
منشی یوسف علی خانصاحب ۔ ۵/۶
شفقت النساء صاحبہ ۔ ۵/۵
سید صمصام الدین صاحب جمشید پور ۵/۵
ام الخیر حلیمہ بی بی صاحبہ سونگڑہ ۵/۶
سید ابو صالح صاحب رسول پور ۵/۵
سید سلطان احمد صاحب سونگڑہ ۵/-
فیاض الدین خانصاحب کیرنگ ۵/۲
محرم خاں صاحب ۔ ۵/-
سید غلام مصطفیٰ صاحب معہ اہلیہ و والدہ صاحبہ
مظفر پور ۴۲/-
ڈاکٹر سید منصور احمد صاحب معہ اہلیہ و پسران مظفر پور ۱۲۰/-
محمد مظفر علی صاحب نیکالہ ۵/-
ضمیرہ اختر اہلیہ چوہدری محمد الدین احمد صاحب رانچی ۱۰/-
ڈپٹی سمائیل صاحب معہ بیگم و پسران لوہر ڈگا ۱۳۰/-
نصیر الدین احمد صاحب بیگو سرائے ۱۰/-
سید محمد احمد صاحب زنگول ۱۰/-
والدہ صاحبہ شکیل احمد صاحب آرہ ۵/-
چوہدری عبدالحمید صاحب کھدری ۳۰۲/-
پسران و دختران سید علی صاحب تاجپور ۳۶/۴
بہاؤ الحق صاحب کلکتہ ۵۵/-
آمنہ خاتون اہلیہ ۔ ۔ ۱۵/-
میاں محمد صدیق و محمد یوسف صاحب کلکتہ ۱۲۵/-
۔ دوست محمد صاحب ۔ ۱۰/۸
۔ نذر محمد صاحب ۔ ۱۰/۸
عباد الرحمن صاحب ۔ ۱۳/-
محمد اسمٰعیل صاحب میر ہزاری باغ ۵/۲
سلطان بخش صاحب کلر کہار ۵/-
میر حمید اللہ صاحب معہ والدین راولپنڈی ۶۳/-
واجد حسین صاحب مونگھیر ۵/-
والدہ صاحبہ عبدالسلام صاحب ۔ ۵/-
شریف احمد صاحب ٹنڈو غلام علی سندھ ۱۰/۸
میر عطاء اللہ صاحب قلعہ صوبہ سنگھ ۵/-
جلال الدین صاحب چک ۱۲۱ گوکھووال ۵/-
بابو عمر الدین صاحب بنوں ۵۰/-
چوہدری علی قاسم صاحب انوسارہ بنگال ۱۰/-
۔ نادر علی صاحب ہانسی ۱۱/-
بیگمات ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب قادیان ۵/-

بابو محمد رفیق صاحب کلکتہ ۲۵/-
امیر علی صاحب ۔ ۵/-
خواجہ محکم الدین صاحب میدنا پور ۷/۴
چوہدری محمد اسمٰعیل صاحب ۔ ۵/۵
ایم۔ محمد صاحب بی۔ اے نبکوڑہ ۲۵/-
اہلیہ صاحبہ خان بہادر ابوالہاشم صاحب قادیان ۲۴/-
طیبہ خاتون صاحبہ بنت ۔ ۔ ۔ ۱۲/-
عابدہ خاتون صاحبہ ۔ ۔ ۔ ۱۲/-
صدیقہ خاتون صاحبہ ۔ ۔ ۔ ۶/-
غلام مولا صاحب خادم رنگ پور ۱۷/۴
قاضی خلیل الرحمن صاحب گوپال پور ۶۵/-
ڈاکٹر عبدالغنی صاحب کڑک دارالبرکات قادیان ۱۰/۱
غلام یٰسین صاحب پونا ۱۰/-
سردار محمد صاحب معہ اہلیہ و ہمشیرہ پونا ۳۴/-
غازی الدین محمد یوسف صاحب پونا ۵/-
نذیر احمد صاحب بھاؤنگر کاٹھیاواڑ ۶/-
عبدالکریم صاحب ۔ ۔ ۴/۸
عبدالغفور صاحب ناصر ۔ ۔ ۶۵/-
جی۔ ایم بشیر احمد صاحب بنگلور معہ اہلیہ صاحبہ ۲۶/۸
ڈاکٹر محمد حسین صاحب ماگڈی بنگلور ۶۰/-
رسول بی بی اہلیہ سیٹھ شیخ حسن صاحب یادگیر ۸/-
سید محمد ادریس صاحب محبوب نگر ۷/-
سید افضل علی صاحب ۔ ۷/-
والدہ صاحبہ میر اسحاق علی صاحب ۔ ۷/-
اہلیہ صاحبہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۷/-
محمد احمد صاحب رائے چور دکن ۵/-
ڈاکٹر محمد احمد صاحب عدن ۱۳۰/-
ایم۔ ایم۔ اے سلیمہ سانان کولم ۵/۴
ایس۔ ایس۔ ایم۔ منظہر کولمبو ۵/-
اے۔ ایم سید احمد صاحب ۔ ۵۲/-
ایم۔ زین الدین صاحب ۔ ۱۱/-
ملک عبداللہ خاں صاحب منگلا ڈاون برما ۷۵/-
خواجہ بشیر احمد صاحب گوچی ۲۰/-
شیخ حبیب اللہ صاحب معہ اہلیہ خرم شہر ۱۷۵/-
باسعہ صلعہ
مولوی علی محمد صاحب اجمیری قادیان ۵/۴
اخوند محمد اکبر خاں صاحب پنشنر
محلہ دارالفضل قادیان ۶۰/۲
مولوی نعمت اللہ صاحب مبلغ بنجر بگٹہ پورہ ۳۵/۹
۔ محمد عبداللہ صاحب اعجاز قادیان ۱۶/-
ڈاکٹر غلام حیدر صاحب سول لائن لاہور ۱۳۰/-
بیگم بی بی صاحبہ کالرہ دیوان سنگھ ۶/-
ڈاکٹر محمد جلال الدین صاحب معہ اہلیہ لائل پور ۲۳۸/-
خواجہ محمد اسمٰعیل صاحب سوداگر جبل پور ۵۱/-
مولوی علی احمد صاحب ٹیچر ہائی سکول قادیان ۵/۵
خاکسار: برکت علی خاں فنانشل سیکرٹری تحریک جدید
[illegible]

اس فہرست میں ان کے نام ہیں جنہوں نے ۲۹ر رمضان المبارک کی دعاؤں میں شامل ہونے کے لئے ستمبر۔ اکتوبر میں اپنا عہد پورا کیا۔ اور ان کے نام بھی حضور کی خدمت میں دعا کے لئے پیش کر کے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

۱۴۸۸۱ - ملک بہادر خان صاحب
۱۴۸۸۸ - چوہدری غلام احمد صاحب
۱۴۹۰۳ - سید سعید احمد صاحب
۱۴۹۴۹ - چوہدری فقیر اللہ خان صاحب
۱۴۹۶۰ - ایس۔ ایم عمر صاحب
۱۴۹۸۳ - غلام حیدر صاحب
۱۴۹۸۸ - شیخ غلام علی صاحب
۱۴۹۹۰ - چوہدری محمد علی خان صاحب
۱۵۰۰۸ - خان بہادر صاحبزادہ سرفراز علی صاحب
۱۵۰۱۲ - ایس ایم ایوب صاحب
۱۵۰۱۵ - سید محمد حسین صاحب
۱۵۰۲۴ - ڈاکٹر منیر احمد صاحب
۱۵۰۵۰ - ریحانہ بنت ظریف صاحب
۱۵۰۵۹ - عنایت اللہ صاحب

۱۵۰۸۳ - منشی فوق صاحب
۱۵۰۹۷ - میاں ایوب شاہ صاحب
۱۵۱۰۳ - ملک میر احمد صاحب
۱۵۱۱۲ - منیجر احمدیہ لائلپور
۱۵۱۱۵ - منشی محی الدین صاحب
۱۵۱۵۰ - غلام رسول صاحب
۱۵۱۷۸ - شیخ محمد اسماعیل صاحب
۱۵۱۸۷ - سیکرٹری صاحب انجمن کولمبو
۱۵۱۹۶ - حکیم محمد صدیق صاحب
۱۵۲۰۳ - شیخ بشیر صاحب
۱۵۲۰۴ - بیگم صاحبہ شمشاد علی صاحب
۱۵۲۰۶ - شیخ عبدالغنی صاحب
۱۵۲۲۴ - سیکرٹری انجمن احمدیہ کلکتہ
۱۵۲۳۰ - سید رسول شاہ صاحب
۱۵۲۳۲ - حاجی مہر الدین صاحب

۱۵۲۳۹ - پیر محمد اکبر صاحب
۱۵۲۷۲ - مرزا مبارک احمد صاحب
۱۵۲۸۱ - مولوی چراغ دین صاحب
۱۵۲۸۹ - بابو سراج الدین احمد صاحب
۱۵۲۹۰ - چوہدری حسن محمد صاحب
۱۵۲۹۴ - مستری محمد علی صاحب
۱۵۳۲۰ - اکبر محمود صاحب
۱۵۳۲۴ - میاں سعید احمد صاحب
۱۵۳۲۵ - آغا عبدالحمید خان صاحب
۱۵۳۶۴ - ایم عبداللہ جان صاحب
۱۵۳۶۶ - چوہدری محمد تقی صاحب
۱۵۳۶۹ - چوہدری ننھے خان صاحب
۱۵۳۷۱ - دلاور خان صاحب
۱۵۳۷۷ - شیخ محمد احمد صاحب
۱۵۳۷۹ - محمد اعظم صاحب

۱۵۳۸۰ - اے۔ ایچ خان صاحب
۱۵۳۸۱ - اسمٰعیل شریف صاحب
۱۵۳۸۲ - مولوی غلام رسول صاحب
۱۵۳۹۰ - مبارک احمد خان صاحب
۱۵۳۹۱ - میاں خدا بخش صاحب
۱۵۳۹۵ - سیکرٹری انجمن احمدیہ
۱۵۳۹۶ - عبدالرحیم خان صاحب
۱۵۳۹۷ - محمد سلیمان صاحب
۱۵۳۹۹ - سید مقبول احمد صاحب

۱۵۴۰۳ - چوہدری کمال الدین صاحب
۱۵۴۰۴ - راجہ بشیر الدین احمد
۱۵۴۰۶ - حکیم محمد احمد صاحب
۱۵۴۰۸ - ایم نعیم الحق صاحب
۱۵۴۱۰ - چوہدری محمد نواز صاحب
۱۵۴۱۱ - عزیز اللہ صاحب
۱۵۴۱۴ - معرفت خواجہ حبیب صاحب
۱۵۴۱۷ چوہدری محمد یوسف
۱۵۴۱۹ - چوہدری غلام حیدر صاحب

۱۵۴۲۱ - مولا بخش صاحب
۱۵۴۲۳ - عبدالغنی صاحب
۱۵۴۲۵ - قریشی محمد شفیع صاحب
۱۵۴۳۴ - محمد فریدون صاحب
۱۵۴۴۰ - عبدالمجید صاحب
۱۵۴۴۳ - چوہدری نذیر احمد صاحب
۱۵۴۴۸ مرزا مبارک بیگ صاحب
۱۵۴۵۷ - احسان الٰہی صاحب
۱۵۴۵۸ - ماسٹر محمد طفیل صاحب
۱۵۴۶۰ - سعدی مصلح الدین صاحب

اگر آپ پریشانی سے بچنا چاہتے ہیں

تو سٹریٹ ڈیلیوری سروس دہلی کی سرپرستی کیجئے

پریشانی کی کوئی ضرورت نہیں صرف دو آنہ میں آپ کا پارسل آپ کے دروازہ پہنچ جائے گا جس سے گی خانوں یا کسی اور دفتر کی کھڑکیوں کے سامنے انتظار کرنے کی ہرگز کوئی ضرورت نہیں رہتی

۲۶۳۷ کو فون کریں

فارتھ وسٹون ریکوے

دہلی میں سٹریٹ ڈیلیوری سروس یہ تمام خدمت صرف دو آنہ کے بدلہ میں بجا لاتی ہے۔

پرانے گرم کوٹ و کمبل

ہندوستان کے ہر شہر قصبہ اور گاؤں میں جس جگہ بھی پرانے کوٹ فروخت ہوتے ہیں۔ ہر جگہ ہمارے مال کی کھپت بوجہ کوالٹی سب سے زیادہ ہوتی ہے ہزاروں مستقل دوکاندار ہر سال تھوک نفع اٹھاتے ہیں۔ اس کی وجہ ہمارے مستقل خریداروں سے ہی دریافت کریں۔ ہر قسم کے کوٹ واسکوٹ وغیرہ ملٹری برانڈی سولجری۔ کمبل جن کی کوالٹی سوائے ہمارے دوسری جگہ نہیں مل سکتی۔ تازہ نرخنامہ سنہ ۴۱-۱۹۴۰ء آج ہی طلب فرمائیں

میسرز رمیش راج اینڈ کمپنی سوداگران کوٹ کراچی

براہین احمدیہ ہر چہار حصص

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی معرکۃ الآراء اور مقبول عام کتاب **براہین احمدیہ** ہر چہار حصص بک ڈپو نے دوستوں کے پیہم تقاضا پر زر کثیر صرف کر کے بڑے اہتمام سے چھپوانی شروع کی ہے۔ اس میں حضور علیہ السلام نے قرآن مجید کی افضلیت اس کا بمثل ہونا۔ اسلام کی فضیلت اور الہام کی حقیقت پر سیر کن بحث کی ہے۔ اور ایسے عجیب اور لطیف دلائل رقم فرمائے ہیں کہ مخالف سے مخالف بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا روپیہ کی قلت کی وجہ سے بہت تھوڑی تعداد میں چھپوائی جا رہی ہے۔ جن دوستوں کی درخواستیں یکم دسمبر تک دفتر بک ڈپو میں پہنچ جائیں گی۔ ان سے رعایتی قیمت مجلد تین روپیہ آٹھ آنہ علاوہ محصولڈاک لی جائے گی۔ لیکن جو تساہل سے کام لیں گے۔ اور وقت مقررہ کے بعد آرڈر دیں گے۔ ان سے اصل قیمت چار روپیہ علاوہ محصولڈاک لی جائے گی۔ کتابت اور طباعت کا نہایت عمدہ اہتمام کیا گیا ہے۔ سائز $\frac{20 \times 30}{8}$ ہے۔ کتاب بذریعہ وی۔ پی یا پیشگی قیمت آنے پر روانہ کی جائے گی۔

پہلے تین حصے چھپ چکے ہیں ہیں۔ جن کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے۔

رسالہ **یادگار جوبلی چھپ رہا ہے احباب مطلع رہیں**

نوٹ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ستر کتابوں کا سیٹ جس کی سابقہ قیمت پچاس روپیہ تھی اب صرف پچیس روپیہ میں خریدیں

منیجر بک ڈپو تالیف و اشاعت قادیان

عورتوں کی خطرناک بیماری

اگر آپ کی بیوی مرض لیکوریا (سیلان الرحم) میں مبتلا ہے۔ تو ہماری

ساٹھ سالہ مجرب دوائی ہارول HAROL استعمال کیجئے

جس سے ہزاروں مریضائیں صحت یاب ہو چکی ہیں۔

ایسی بے نظیر اور تیر بہدف دوا دنیا میں کہیں نہ ملے گی۔ دوائی کے مفید ہونے کی گارنٹی ہمراہ بھیجی جاتی ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنہ۔

ہربولین فارمیسی $\frac{D}{18}$ سری ہرگوبند پور (پنجاب انڈیا)

کمزوری

ہر قسم کی جسمانی کمزوری کا مجرب اور بے خطا علاج۔ ضعف دل کی دھڑکن۔ کم خوابی۔ بدخوابی کم ہمتی۔ کم حوصلگی کام سے دل گھبرانا۔ چہرہ کی بے رونقی۔ پریشانی فاسد خیالات وغیرہ وغیرہ امراض بہت جلد رفع ہو کر کھوئی ہوئی طاقت اور چہرہ پر رونق آجاتی ہے۔ ہر قسم کے پوشیدہ مردانہ دیرینہ امراض کے لئے لکھئے۔ یا میرا تعارف کرا دیجئے۔

ایم۔ ایچ احمدی معرفت الفضل قادیان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہندوستان اور ممالک غیر کی خبریں

انقرہ ۲۹ نومبر - جرمن سفیر ہرفان پاپن نے ترکی حکومت کو بتایا ہے۔ کہ حکومت جرمنی بلقان کی جنگ میں دخل نہ دے گی اور نہ ہی اس کا ترکی کے خلاف کوئی جارحانہ اقدام کرنے کا ارادہ ہے۔

لنڈن ۲۹ نومبر - آزاد فرانس کی ایجنسی کے خاص نامہ نگار کو دشی کے نہایت باخبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ پچھلے دنوں دشی کیبنٹ کی جو میٹنگ ہوئی اس میں ہٹلر کی شرائط کو ٹھکرا دیا گیا۔

نئی دہلی ۲۸ نومبر - کونسل آف سٹیٹ نے فنانس بل کو ۱۱ کے مقابلہ میں ۲۷ ووٹوں کی کثرت سے پاس کر دیا۔

نئی دہلی ۲۸ نومبر - ملک معظم نے ہز اکسیلینسی جنرل سر رابرٹ کیسل کمانڈر انچیف ہند کے بجائے ۱۹۴۱ء کے اوائل سے لفٹنٹ جنرل آچن لیک کا بطور کمانڈر انچیف افواج ہند تقرر منظور فرمایا ہے۔

لنڈن ۲۹ نومبر - اٹلی پر مصیبتوں کا پہاڑ ٹوٹ پڑا ہے پہلے تو ٹارنٹو میں اٹلی کے بیڑے کو انگریزی جہازوں نے تباہ کر دیا اور پھر رہی سہی کسر بدھ کو جو لڑائی ہوئی اس میں پوری ہوگئی - اب انگریزی جہازوں نے اٹلی کے علاقہ میں پھر دو جگہ بم برسائے اور شمالی افریقہ میں بھی حملہ کیا گیا - یونانی کمانڈر انچیف کا بیان ہے کہ ٹریپولی کی بندرگاہ پر بم گرائے گئے - کئی جگہ زبردست آگ لگ گئی جو ساٹھ میل دور سے دکھائی دیتی تھی - اٹلی کا ایک جنگی جہاز بھی تباہ کر دیا گیا - اس لڑائی میں صرف ایک انگریزی جہاز کام آیا - باقی سب سلامتی کے ساتھ واپس آ گئے۔

واشنگٹن ۲۹ نومبر - محکمہ زراعت امریکہ کے ایک ماہر نے بیان دیتے ہوئے کہا کہ برطانیہ نے اٹلی کی جو ناکہ بندی کر رکھی ہے۔ اس سے اٹلی کا اقتصادی نظام بالکل درہم برہم ہوگیا ہے اور کھانے پینے کی چیزوں کے دام چالیس فی صدی بڑھ گئے ہیں - لڑائی کے شروع میں اٹلی کے پاس خوردنی اشیا کا سٹاک بہت کم تھا - اب معلوم نہیں خشکی کے رستے یہ چیزیں اسے کس طرح پہنچ سکیں گی۔

ایتھنز ۲۹ نومبر - یونانی فوجیں شمال اور جنوب دونوں طرف بڑھ رہی ہیں - اخبارات اس کامیابی کی وجہ یہ بتاتے ہیں - کہ (۱) یونانی اور انگریزی جہاز مل کر اٹلی کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ (۲) یونانی اطالویوں کو سڑکوں پر حملہ کرنے نہیں دیتے (۳) اور جب مڈبھیڑ ہوتی ہے تو یونانی فوجیں بڑی ہمت سے لڑتی ہیں۔

ایتھنز ۲۹ نومبر - کورٹزا میں یونانی جھنڈے کے ساتھ البانیہ کا جھنڈا بھی لہرا رہا ہے جس سے یونانیوں کے اس دعویٰ کی تصدیق ہوتی ہے - کہ یونان البانیہ کی آزادی کے لئے لڑ رہا ہے۔

لنڈن ۲۹ نومبر - رومانیہ میں آئرن گارڈ پارٹی کی دہشت انگیزی کا دور ختم ہونے میں نہیں آتا۔ اب شاہ مائیکل کی والدہ رومانیہ سے باہر پہنچ چکی ہیں اور شاہ مائیکل خود بھی رومانیہ کو چھوڑ کر جانے والے ہیں شاہ مائیکل کو تخت پر بیٹھے ابھی چند ہفتے ہی ہوئے ہیں اگر وہ بھاگ گئے تو اس کے معنے یہ ہونگے کہ وہ دوسری بار تخت چھوڑ رہے ہیں - جرمنی کے اخبارات لکھ رہے ہیں کہ ان حالات میں جرمنی کو رومانیہ کے معاملات میں ضرور دخل دینا پڑے گا دوسری طرف رومانیہ سے اعلان کیا گیا ہے - کہ جنرل انٹونسکو نے حالات پر قابو پا لیا ہے۔

لنڈن ۲۹ نومبر - انگریزی جہازوں نے ایک بار پھر جرمنی پر حملہ کیا اور گیس کے کارخانوں - ریلوں سڑکوں اور ہتھیاروں کی فیکٹریوں پر بم گرائے بالٹک کی بندرگاہوں اور دیگر فوجی ٹھکانوں پر بھی بمباری کی گئی۔

لنڈن ۲۹ نومبر - کل رات جرمن جہاز برطانیہ کے کئی حصوں پر اڑتے رہے زیادہ تر شمال مغربی حصہ پر اڑے - لورپول پر جرمن جہازوں نے کئی حملے کئے مگر کچھ زیادہ نقصان نہیں ہوا لنڈن والوں نے کل رات نسبتاً آرام سے گذاری کیونکہ توپوں نے اس تیزی سے گولے برسائے کہ جرمن جہاز نیچے نہ آ سکے۔

لاہور ۲۹ نومبر - احراری لیڈر چودھری افضل حق کو بیماری کی وجہ سے راولپنڈی جیل سے میعاد سزا ختم ہونے سے قبل رہا کر دیا گیا ہے - معلوم ہوتا ہے بیماری خطرناک صورت اختیار کر رہی ہے۔

دہلی ۲۹ نومبر - صوبہ اڑیسہ کی جنگی کمیٹی نے آج برطانیہ کو دوسرا ہوائی جہاز پیش کیا ہے - ابھی دو ماہ قبل وہ ایک جہاز دے چکی ہے۔

آج کونسل آف سٹیٹ میں ایک سوال کے جواب میں ڈائرکٹر جنرل سپلائی نے بیان کیا - کہ سندھیا سٹیم نیوی گیشن کمپنی جہاز سازی کا کارخانہ کھولنے کے لئے وزیگا پٹم کے قریب پٹہ پر زمین لینے کے لئے حکومت سے خط و کتابت کر رہی ہے - نیز تھوڑے ہی فاصلے پر مزدوروں کی بستی بسانے کے لئے بھی زمین حاصل کرنا چاہتی ہے۔

لنڈن ۲۹ نومبر - برطانیہ کے بحری محکمہ نے اعلان کیا ہے - کہ آج صبح رودبار انگلستان میں برطانیہ کے ہلکے جہازوں اور جرمن جہازوں میں مڈبھیڑ ہوئی - دشمن کے جہاز برسٹ کی طرف بھاگ نکلے۔

دہلی ۲۹ نومبر - اس اتوار سے یعنی یکم دسمبر سے تار - ڈاک اور ٹرنک کال ٹیلیفون کی شرح میں جو تبدیلیاں ہو رہی ہیں - اس کے متعلق حکومت ہند نے ایک اعلان میں بتایا ہے کہ اب ہندوستان کے کسی حصہ میں بھیجنے کے لئے لفافہ ایک آنہ کے بجائے پانچ پیسہ میں ملے گا - اس وقت بُک پوسٹوں کے پہلے ۲½ تولہ پر دو پیسے لگتے ہیں - آئندہ پہلے پانچ تولہ تک تین پیسے لگیں گے - برطانیہ - مصر - سوڈان - اور دوسری برطانوی آبادیات اور ان ملکوں میں جو برطانیہ کی نگرانی میں ہیں اس وقت ۲½ آنے لگتے ہیں - آئندہ ۳½ آنے ہونگے - برما میں بھیجنے کے لئے لفافہ پر دو آنے لگیں گے - ہندوستان برما - لنکا - اور ملایا وغیرہ پر جانے والے عام تاروں پر ایک آنہ اور ایکسپریس تاروں پر دو آنہ زائد لگیں گے - ٹرنک کال ٹیلیفون کی شرح بھی دس فی صدی بڑھا دی گئی ہے - امریکہ اور اس کے کچھ علاقوں کو کچھ عرصہ تک منی آرڈر نہیں بھیجے جا سکیں گے۔

لنڈن ۲۹ نومبر - سوڈان کی چوکی غلاباد پر قبضہ کرنے میں جن ہندوستانیوں نے مدد دی ہے - ان کو وزیر جنگ نے کمانڈر انچیف کی وساطت سے مبارکباد کا پیغام ارسال کیا ہے۔ خود کمانڈر انچیف نے بھی ان سپاہیوں کو مبارکباد کا پیغام بھیجا ہے

دہلی ۲۹ نومبر - حکومت ہند نے اعلان کیا ہے کہ ہندوستان میں اس وقت پٹرول کا کافی ذخیرہ ہے - اور باہر سے بھی برابر آ رہا ہے - اس لئے پٹرول کی کھپت پر پابندی لگانے کی فی الحال ضرورت نہیں - لیکن اس خیال سے کہ ممکن ہے ایسی ضرورت پیش آ جائے - مرکزی حکومت صوبائی حکومتوں سے اس سوال پر خط و کتابت کر رہی ہے - اور ممکن ہے - اسی سلسلہ میں دہلی میں عنقریب ایک کانفرنس بھی منعقد کی جائے۔

لنڈن ۲۹ نومبر - اس وقت امریکہ برطانیہ کو مالی امداد دینے کے سوال پر غور کر رہا ہے - ابھی وہاں برطانیہ کا کافی سرمایہ ہے - ۳۸½ کروڑ ڈالر امریکن بنکوں میں ہیں - اور قریباً ۱۴ ارب ڈالر کا سونا بھی ہے۔

کچھ عرصہ ہوا - ترکی - یونان اور یوگوسلاویہ میں ایک سمجھوتہ ہوا تھا - یونان کے ہاتھوں اٹلی کی جو گت بن رہی ہے - اس سے امید ہے کہ اس سمجھوتہ میں پھر جان پڑ جائیگی - ترکی کے اخبار لکھ رہے ہیں - کہ اگر بلغاریہ یا یوگوسلاویہ کی آزادی پر ہاتھ ڈالا گیا - تو بلقان میں بھی جنگ کی آگ بھڑک اٹھے گی۔

عبدالرحمٰن قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھاپا اور قادیان سے ہی شائع کیا - ایڈیٹر غلام نبی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مدینۃ المسیحؑ

قادیان ۲۹ نبوت ۱۳۱۹ ہش۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے متعلق نو بجے شب کی ڈاکٹری اطلاع مظہر ہے۔ کہ حضور کی طبیعت پیچش اور حرارت کی وجہ سے ناساز ہے۔ صحت کاملہ کے لئے دعا کی جائے۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت بوجہ نزلہ علیل ہے۔ احباب حضرت ممدوحہ کی صحت کے لئے دعا کریں۔

حرم اول حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کو بدستور کان درد کی اور حرم ثانی کو معدہ اور جگر کی تکلیف ہے دعائے صحت کی جائے۔

خاندان حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ میں خیر و عافیت ہے الحمد للہ

حضرت مفتی محمد صادق صاحب کو بندش پیشاب کی سخت تکلیف ہے۔ دعائے صحت کی جائے۔

دسواں یوم عمل اجتماعی

تین گھنٹہ میں ۱۰۶۰ فٹ لمبی سڑک تیار کی گئی

قادیان ۲۹ نبوت۔ کل زیر انتظام مجلس خدام الاحمدیہ دسواں یوم عمل اجتماعی منایا گیا۔ یعنی قادیان سے موضع بھینی کو جانے والی سڑک پر مٹی ڈال کر اسے درست کیا گیا۔ کام دو مقامات پر کیا گیا۔ جہاں ایک روز قبل نشان لگا کر پچاس پچاس فٹ کے حلقے بنا دیئے گئے تھے۔ نو بجے کے قریب لوگ جمع ہونے شروع ہوئے۔ اور ساڑھے نو بجے سب مقررہ حلقوں میں کام کرنے کے لئے پہونچ گئے۔ اب کے مجلس انصار اللہ اور مجلس خدام الاحمدیہ کے ممبروں کو علیحدہ علیحدہ گروپوں میں تقسیم کیا گیا۔ کام ساڑھے بارہ بجے تک نہائت سرگرمی کے ساتھ جاری رہا۔ کام ختم ہونے پر صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ نے مسابقت کی روح پیدا کرنے کے لئے بابو فضل الدین صاحب اوورسیر کو سب حلقوں کے کام کا معائنہ کر کے یہ بتانے کے لئے مقرر کیا۔ کہ کس نے سب سے عمدہ کام کیا ہے۔ بابو صاحب نے مقام عمل کے ایک حصہ میں مسجد مبارک کے اصحاب کے حلقہ کو اور دوسرے حصہ میں مسجد اقصیٰ کے اصحاب کے حلقہ کو اول قرار دیا۔

غرض تین گھنٹہ کے عرصہ میں ایک مقام پر آٹھ سو فٹ لمبی ۱۴ فٹ چوڑی اور ایک فٹ اونچی۔ اور دوسرے مقام پر ۲۶۰ فٹ لمبی ۳۰ فٹ چوڑی اور قریباً ۹ انچ اونچی سڑک تیار کی گئی۔

(مہتمم وقار عمل مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

---

۲ کو مدعو کیا۔ اس موقعہ پر کئی ایک غیر احمدی معززین بھی تشریف لائے۔ قریشی محمد حنیف صاحب قمر نے قریباً پون گھنٹہ تقریر کی۔ حاضرین کی مٹھائی سے تواضع کی گئی۔ خاکسار سید بدر عالم الدین احمد

دعائے مغفرت } میری والدہ صاحبہ جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحابیہ تھیں ۲۰ نومبر کو بعمر ۹۰ سال فوت ہو گئی ہیں۔ انا للہ

سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کی طرف سے تحریک جدید سال ہفتم کی مالی قربانیوں کا مطالبہ

مجاہدین تحریک جدید کا شاندار لبیک

چند گھنٹوں میں دو ہزار روپیہ نقد اور پندرہ ہزار کے وعدے

قادیان ۲۹ نومبر۔ سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے آج کے خطبہ جمعہ میں مخلصین جماعت سے تحریک جدید سال ہفتم کی مالی قربانیوں کا مطالبہ فرمایا۔ حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کا اپنا وعدہ سال ہفتم ۲۴۳۶ روپے کا ہے۔ احباب کو یاد ہوگا۔ کہ سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ ہر سال پہلے سال سے اضافہ فرما رہے ہیں۔ سال ششم میں حضور ایدہ اللہ تعالےٰ نے ۲۲۶۲ کی رقم وعدے کے ساتھ ہی عنائت فرما دی تھی۔ سال ہفتم میں حضور کا وعدہ دس فی صدی اضافے کے ساتھ بتفصیل ذیل ہے۔

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز اپنی طرف سے	۷۰۰
〃 〃 〃 〃 دس نادار احمدیوں کی طرف سے	۷۰۰
〃 〃 〃 〃 سیدہ امۃ الحی صاحبہ مرحومہ کی طرف سے	۹۸
〃 〃 〃 〃 سیدہ سارہ بیگم صاحبہ مرحومہ کی طرف سے	۹۸
〃 〃 〃 〃 حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم و حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی طرف سے	۷۰۰
〃 ان سیدوں کی طرف سے جو صدقات کے لئے تڑپ رہی ہیں	۱۴۰
	۲۴۳۶

حضور ایدہ اللہ تعالےٰ اک دس فیصدی کا اضافہ جو ہر سال فرما رہے ہیں۔ احباب کو توجہ دلاتا ہے۔ کہ ان کو بھی اپنے وعدے میں گزشتہ سال سے بہر حال کچھ نہ کچھ اضافہ کرنا چاہیئے۔

آج تحریک جدید سال ہفتم میں احباب نے جس اخلاص اور سرگرمی سے لبیک کہا ہے۔ اس کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے۔ کہ اعلان ہونے کے بعد چند گھنٹوں میں دو ہزار روپیہ نقد اور پندرہ ہزار روپیہ کے وعدے حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کی خدمت میں پیش ہو چکے ہیں۔ اللھم زد فزد

فنانشل سیکرٹری تحریک جدید

اخبار احمدیہ

درخواست ہائے دعا } (۱) اہلیہ بابو عبد الکریم صاحب آف سٹروعہ اور (۲) محمد عبد الحق صاحب مجاہد امرتسری کا لڑکا حمید الحق بیمار ہیں (۳) عبد الجلیل صاحب کلرک پی۔ ڈبلیو۔ ڈی پشیوہ حکمانہ امتحان میں کامیابی کے لئے درخواست دعا کرتے ہیں۔ سب کے لئے دعا کی جائے۔

کیرنگ کے خدام کو انعام } ۱۰ نومبر خاکسار اور مولوی سید اختر الدین صاحب کیرنگ گئے مجلس خدام الاحمدیہ کا دفتر۔ حساب کتاب اور کارگزاری دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ ہم ان کے ایک وفد کے ہمراہ قریباً تین میل کے فاصلہ پر تبلیغ کے لئے گئے۔ ہم دونوں نے ان کی جفاکشی تندہی اور ہمت استقلال دیکھ کر نیز ان کے دفتر کو مقروض پا کر پانچ روپے انعام دیا۔ خاکسار سید بشیر الدین احمد سیکرٹری مجلس خدام الاحمدیہ سونگڑہ

مکان کا افتتاح } جناب مولوی حسام الدین حید صاحب ریٹائرڈ ڈپٹی مجسٹریٹ امیر جماعت احمدیہ کلکتہ نے اپنے مکان کی تعمیر کی تکمیل پر جماعت کے جملہ احباب

وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نہائت مخلص احمدی تھی۔ اپنے تمام زیورات وغیرہ مسجد کی تعمیر کے لئے وقف کر گئی ہیں۔ دعائے مغفرت کی جائے۔ خاکسار عبد الحمید خان کالٹھ گڑھ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

283

اقوام عالم میں اتحاد پیدا کرنے کا کامیاب طریق

یکم دسمبر ۱۹۴۰ء بروز اتوار سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کے مطابق یوم پیشوایان مذاہب منایا جائیگا یعنی ہندوستان اور بیرون ہند میں جہاں جہاں احمدی جماعتیں ہیں۔ مختلف مذاہب کے پیشوایان کی سیرت پر لیکچر دیئے جائیں گے۔ اور مختلف مذاہب کے درمیان صلح و محبت کی رَو پیدا کرنے کی کوشش کی جائیگی جس کی موجودہ زمانہ میں بے حد ضرورت ہے۔

اس کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نہایت ہی عمدہ تجویز اقوام دُنیا کے سامنے پیش فرمائی ہے جس پر پُوری طرح عمل پیرا ہونے سے سینکڑوں جھگڑے جن کا باعث ایک دُوسرے کے بانیان مذاہب کی توہین و ہتک ہوتی ہے۔ نہ صرف بند ہوسکتے ہیں بلکہ آپس میں محبت و اتحاد قائم رکھتے ہُوئے اپنے اپنے مذہب کی خوبیاں ایک دوسرے پر ظاہر کرنے کا موقعہ مل سکتا ہے۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی مختلف تصنیفات میں اور پھر ۱۸۹۷ء میں ملکہ معظمہ کی خدمت میں بہ تقریب جلسہ جوبلی شصت سالہ حسب ذیل اصل پیش فرمایا۔

"منجملہ ان اصُولوں کے جن پر مجھے قائم کیا گیا ہے۔ ایک یہ ہے۔ کہ خدا نے مجھے اطلاع دی ہے۔ کہ دُنیا میں جس قدر نبیوں کی معرفت مذہب پھیل گئے ہیں۔ اور استحکام پکڑ گئے ہیں۔ اور ایک حصّہ دُنیا پر محیط ہوگئے ہیں۔ اور ایک عمر پا گئے ہیں۔ اور ایک زمانہ ان پر گزر گیا ہے۔ ان میں سے کوئی مذہب بھی اپنی اصلیت کی رُو سے جھوٹا نہیں اور نہ ان نبیوں میں سے کوئی نبی جھوٹا ہے۔ کیونکہ خدا کی سنت ابتدا سے اسی طرح پر واقعہ ہے۔ کہ وُہ ایسے نبی کے مذہب کو جو خدا پر افترا کرتا ہے اور خدا کی طرف سے نہیں آیا۔ بلکہ دلیری سے اپنی طرف سے باتیں بناتا ہے۔ کبھی سرسبز ہونے نہیں دیتا۔"

(تحفۂ قیصریہ صـ ۴)

پھر فرمایا:-

"اس قاعدہ کے لحاظ سے ہمیں چاہیئے کہ ہم ان تمام لوگوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھیں۔ اور ان کو سچا سمجھیں۔ جنہوں نے کسی زمانہ میں نبوت کا دعوےٰ کیا۔ اور پھر وُہ دعوےٰ ان کا جڑ پکڑ گیا۔ اور ان کا مذہب دُنیا میں پھیل گیا۔ اور استحکام پکڑ گیا۔ اور ایک عمر پا گیا۔ اور اگر ہم ان کے مذہب کی کتابوں میں غلطیاں پائیں۔ یا اس مذہب کے پابندوں کو بد چلنیوں میں گرفتار شدہ مشاہدہ کریں۔ تو ہمیں نہیں چاہیئے۔ کہ وُہ سب داغ ملامت ان مذاہب کے بانیوں پر لگا دیں کیونکہ کتابوں کا محرّف ہو جانا ممکن ہے اجتہادی غلطیوں کا تفسیروں میں داخل ہو جانا ممکن ہے۔ لیکن یہ ہرگز ممکن نہیں۔ کہ کوئی شخص کھلا کھلا خدا پر افترا کرے اور کہے۔ کہ میں اس کا نبی ہُوں۔ اور اپنا کلام پیش کرے۔ اور کہے کہ یہ "خدا کا کلام ہے"۔ حالانکہ وُہ نہ نبی ہو۔ اور نہ اس کا کلام خدا کا کلام ہو۔ اور پھر خدا اس کو سچوں کی طرح اس کی قبولیت پھیلائے۔" (تحفہ قیصریہ صـ ۵)

اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی آخری تصنیف میں اقوام عالم کو صلح کا پیغام دیتے ہوئے تحریر فرمایا:-

"ہم لوگ دوسری قوموں کے نبیوں کی نسبت ہرگز بدزبانی نہیں کرتے۔ بلکہ ہم یہی عقیدہ رکھتے ہیں۔ کہ جس قدر دُنیا میں مختلف قوموں کے لئے نبی آئے ہیں۔ اور کروڑہا لوگوں نے ان کو مان لیا ہے۔ اور دُنیا کے کسی ایک حصہ میں ان کی محبت اور عظمت جاگزین ہوگئی ہے اور ایک زمانہ دراز اس محبت اور اعتقاد پر گزر گیا ہے۔ تو بس یہی دلیل ان کی سچائی کے لئے کافی ہے۔ کیونکہ اگر وُہ خدا کی طرف سے نہ ہوتے تو یہ قبولیت کروڑہا لوگوں کے دلوں میں نہ پھیلتی۔ خدا اپنے مقبول بندوں کی عزت دوسروں کو ہرگز نہیں دیتا۔ اور اگر کوئی کاذب ان کی کُرسی پر بیٹھنا چاہے تو جلد تباہ ہوتا۔ اور ہلاک کیا جاتا ہے۔ اسی بنا پر ہم وید کو بھی خدا کی طرف سے مانتے ہیں۔ اور اس کے رشیوں کو بزرگ اور مقدس سمجھتے ہیں۔"

(رسالہ پیغام صلح - صلا - بار دوم)

در اصل اقوام عالم میں صُلحکاری کی بنیاد ڈالنے والا یہی اصل ہے کہ ہم ان تمام نبیوں اور رشیوں کو سچا مانیں۔ جو دنیا میں وقتاً فوقتاً آئے۔ خواہ وُہ ہند میں ظاہر ہُوئے یا فارس میں۔ یا چین میں۔ یا کسی اور ملک میں، اور خدا نے کروڑہا دلوں میں ان کی عزت و عظمت بٹھا دی۔ اور کئی صدیوں تک وُہ مذہب چلا آیا۔ سو اس اصل کے پیش نظر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:-

"یہی اصول ہے۔ جو قرآن نے ہمیں سکھلایا۔ اسی اصُول کے لحاظ سے ہم ہر ایک مذہب کے پیشوا کو جن کی سوانح اس تعریف کے نیچے آگئی ہے۔ عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ گو وُہ ہندوؤں کے مذہب کے پیشوا ہوں۔ یا فارسیوں کے مذہب کے یا چینیوں کے مذہب کے۔ یا یہودیوں کے مذہب کے۔ یا عیسائیوں کے مذہب کے۔"

پس یوم پیشوایان مذاہب کی تحریک جو حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے جاری فرمائی۔ در اصل وُہ عظیم الشان تحریک ہے جس کی بنیاد ازروئے اسلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے رکھی احباب جماعت کو کوشش کرنی چاہیئے۔ کہ اس تحریک کو کامیاب بنادیں۔

۸ دسمبر تک تحریک جدید سال ششم کا چندہ داخل کردیں

تحریک جدید سال ششم کے وعدے سو فیصدی پورے کرنے کی آخری تاریخ ۳۰ نومبر ہے۔ بعض خطوط سے پایا جاتا ہے۔ کہ وُہ احباب جو باوجود جدوجہد کے اپنے وعدوں کو ابھی تک پورا نہیں کر سکے انہوں نے ۳۰ نومبر کو ادا کرنے کا وعدہ کیا ہے اور وُہ اپنی مقامی جماعت میں ۳۰ نومبر کو ادا کریں گے۔ چونکہ یکم دسمبر کو اتوار ہے۔ اس لئے ۲ دسمبر یا اس کے بعد بیمہ یا منی آرڈر کیا جاسکے گا۔ جو مرکز میں ہر حال ۳۰ نومبر کے بعد موصول ہوگا۔ ایسے احباب نے چاہا ہے۔ کہ ان کی رقم دسمبر میں پہنچنے والی بھی ۳۰ نومبر کی میعاد کے اندر سمجھی جائے۔ اس لئے اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ جو رقوم تحریک جدید کی دسمبر کے پہلے ہفتہ میں یعنی ۸ دسمبر تک مرکز میں داخل ہو جائیں گی۔ ان کی ادائگی ۳۰ نومبر کے اندر سمجھی جائیگی۔ پس وُہ احباب جو سال ششم کا وعدہ ادا نہیں کر سکے۔ اور ان کا ارادہ تھا۔ کہ دسمبر کے پہلے ہفتہ میں ادا کریں گے۔ یا وہ جن کا وعدہ ہی دسمبر میں ادا کرنے کا ہے۔ یا وہ جن کا وعدہ دسمبر کے بعد کا ہے۔ وُہ بھی ۳۰ نومبر کی آخری تاریخ میں ادا کرنے کے لئے جدوجہد کریں۔ اور پوری سرگرمی سے مصروف کار ہو جائیں۔ تا وہ اپنا چندہ ۸ دسمبر کی شام تک مرکز میں داخل کردیں۔ خواہ منی آرڈر کرکے خواہ بیمہ۔ یا چیک کے ذریعہ ۸ دسمبر تک داخل کرلیں۔ یا دستی رقم داخل کردیں۔ اسی طرح جماعت قادیان کے لئے بھی موقعہ ہے۔ کہ وُہ ۸ دسمبر کی شام تک مرکز میں اپنا چندہ تحریک جدید دستی داخل کردیں ان کی ادائگی بھی ۳۰ نومبر کی میعاد کے اندر سمجھی جائے گی پس وُہ جو تحریک جدید سال ششم کا وعدہ ادا نہیں کر سکے وُہ ۸ دسمبر تک داخل کر لینے کی پوری کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ ان کو کامیاب فرمائے۔ اور ادا کرنے کی توفیق بخشے۔ خاکسار:- فنانشل سکرٹری تحریک جدید۔

جو دوست جلسہ سالانہ تک "الفضل" کا کم سے کم ایک نیا خریدار مہیا فرمائینگے۔ وُہ ہمارے دِلی شکریہ کے مستحق ہونگے امید ہے۔ احباب اس بارے میں پوری کوشش اور سرگرمی سے کام لیں گے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا

سیاروں کی حرکات

اگرچہ میں اپنے مضامین کی شروع اقساط میں سیاروں کی حرکات کا ضمناً ذکر کر چکا ہوں۔ لیکن بعض احباب کے سوالات سے جو انہوں نے بذریعہ خطوط کئے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس کی مزید وضاحت کی ضرورت ہے۔ لہذا اب میں اس امر پر مزید روشنی ڈالنے کی کوشش کروں گا۔

سورج کے گرد گردش کرنے والے جس قدر سیارے دریافت ہوئے ہیں ان کی تعداد نو ہے۔ اور ان کے نام یہ ہیں۔ عطارد۔ زہرہ۔ زمین۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل۔ یورے نس۔ نیپچون اور پلوٹو۔ ان میں سے آخری تین بغیر دوربین کے دکھائی نہیں دیتے۔ نیز مریخ۔ مشتری۔ اور زحل کے چاند اور زحل کا چکر بھی بغیر دوربین کے نہیں دیکھا جاسکتا۔ لہذا ذیل کی سطور میں عطارد۔ زہرہ۔ مریخ۔ مشتری اور زحل جن کو خمسہ متحیرہ بھی کہتے ہیں کی حرکات کا ذکر بھی کیا جائے گا کیونکہ یہ صرف آنکھ سے نظر آسکتے ہیں÷

سیارے جیسا کہ میں پہلے بیان کر چکا ہوں صرف منطقۃ البروج یا طریق الشمس میں سے گزرتے دکھائی دیتے ہیں۔ لہذا ان بارہ بروج یعنی حمل۔ ثور۔ توامین۔ سرطان۔ اسد۔ عذرا۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی دلو اور حوت کی پہچان ضروری ہے۔ ورنہ سیاروں کے صحیح مقام کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔ شائع شدہ اقساط میں یہ بروج نمایاً تمام دیئے جاچکے ہیں نظام شمسی میں دو طرح کے سیارے ہیں اندرونی اور بیرونی۔

(۱) اندرونی وہ سیارے ہیں جن کا دور [illegible] کے دور کے اندر واقع ہے۔ اس ذیل میں عطارد اور زہرہ اور زمین ہیں۔

(۲) دوسرے وہ سیارے ہیں جن کے دور ایسٹرائڈز کے دور سے باہر ہیں۔ یہ مریخ۔ مشتری۔ اور زحل ہیں۔ یہ بیرونی کہلاتے ہیں۔ یورے نس نیپچون اور پلوٹو بھی اسی ذیل میں ہیں۔ سیاروں کی رفتار جیسا کہ ہم زمین پر سے مشاہدہ کرتے ہیں ایسی ہے۔ کہ شب بہ شب وہ کبھی اپنے راستے پر سے گزرتے معلوم ہوتے ہیں۔ کبھی ایک مقام پر ٹھہرے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ اور پھر واپس آتے نظر آتے ہیں۔ یہ حالتیں صرف اس وجہ سے نظر آتی ہیں۔ کہ زمین بھی اپنے دور میں گھوم رہی ہے۔ ورنہ سیارے در اصل اپنے دور میں برابر مقررہ رفتار سے سفر کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر مریخ کی رفتار کچھ عرصہ مشاہدہ کی جائے۔ اور پھر کاغذ پر اس کا راستہ کھینچا جائے تو اس قسم کا بنے گا۔



نقطوں والا خط مریخ کا صحیح راستہ ہے۔ مگر زمین پر سے ہم کو موٹے خط والے راستہ پر سے گزرتا دکھائی دیتا ہے مجھے یاد ہے۔ اور دیگر احباب کو بھی یاد ہوگا۔ کہ صبح کو امرتسر سے بٹالہ کی طرف گاڑی چلتی ہے (جس پر سوار ہوکر بارہ بجے قادیان پہونچتے ہیں۔) بعض دفعہ اس کے ساتھ ہی بمبئی ایکسپریس بھی چلتی تھی۔ چونکہ کچھ دور تک دونوں لائنیں متوازی جاتی ہیں۔ اس لئے بٹالہ جانے والی گاڑی جب ذرا دیر سے چھوٹتی تو ڈرائیور اسے غیر معمولی تیز چلاتا جس کے نتیجہ میں بٹالہ والی گاڑی پہلے تو بمبئی ایکسپریس کے پاس پہونچتی۔ پھر دونوں برابر چلتیں۔ اس کے بعد بٹالہ والی گاڑی کا ڈرائیور زیادہ تیز چلاتا۔ اور بمبئی ایکسپریس پیچھے ہوتی دکھائی دیتی۔

قریباً یہی نظارہ ہم سیاروں میں دیکھتے ہیں۔ بٹالہ والی ٹرین کو زمین فرض کر لیا جائے۔ اور بمبئی ایکسپریس کو کوئی سیارہ مثلاً مریخ تو پھر یوں کہا جائے گا۔ کہ زمین سے مریخ اپنے دور پر آگے جاتا دکھائی دیتا ہے۔ پھر ٹھہرا نظر آتا ہے۔ اور پھر پیچھے ہٹتا دکھائی دیتا ہے۔ حالانکہ زمین اور مریخ دونوں بڑی تیزی سے سفر کر رہے ہوتے ہیں چونکہ زمین کا دور چھوٹا ہے۔ اور وہ اسے مریخ کی نسبت جلدی ختم کر لیتی ہے نیز یہ بھی قاعدہ ہے۔ کہ جتنا دور کوئی سیارہ سورج سے ہوگا۔ اتنی ہی اس کی رفتار کم ہوگی۔ پس ان دو وجوہ سے مریخ پیچھے ہٹتا دکھائی دیتا ہے۔

